## سوال

ناصر نام رکھنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ناصر نام رکھنا کیسا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

وہ صفات جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کے اندر رکھ دی ہیں مثلاً سمع ، بصر، مالک ہونا، وغیرہ اور یہی صفات اللہ تعالیٰ میں بھی موجود ہیں لیکن بندے اور اللہ تعالیٰ کی صفات میں فرق یہ ہے کہ مخلوق کی صفات ناقص ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ کی صفات کامل ہیں اس لئے مخلوق کی صفات کو اللہ کی صفات پر محمول نہیں کیا جاسکتا ہے ۔

ناصر یعنی مدد کرنے والا اللہ تعالیٰ کی بھی صفت ہے اور مخلوق کی بھی جب اس کی اضافت ناصر کی طرف کی جائے جیسے عبدالناصر تو یہاں ناصر سے مراد اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات ہوگی اور اگر کسی شخص کو ناصر کہہ دیا جائے تو اس سے مراد مخلوق کی صفت کا حامل ناصر ہوگا۔

ان ہر دو تفریق کے ساتھ ناصر نام رکھا جاسکتا ہے تاریخ اسلام میں بھی ہمیں ناصر نام کے سینکڑوں علماء وراویان ملیں گے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث